ہندوستان- اٹلی قونصلر مذاکرات کا دوسرا (2) راؤنڈ

29 فروری، 2024

مورخہ 29 فروری، 2024 کو ہندوستان اور اٹلی کے سینئر عہدیداران نے نئی دہلی میں قونصلر کی دوسری باہمی مذاکرات کے لیے ملاقات کی۔ ہندوستانی وفد کی قیادت جناب مکتیش کمار پردیشی، سکریٹری (سی پی وی اینڈ او آئی اے) کر رہے تھے اور اس میں جوائنٹ سکریٹری سی پی وی ڈاکٹر کے جے سری نواسا اور وزارت خارجہ کے مختلف شعبوں، دیگر وزارتوں اور ایجنسیوں کے افسران شامل تھے۔ اطالوی وفد کی قیادت مسٹر لوگی ماریا ویگنالی، ڈائرکٹر جنرل برائے مائیگریٹری پالیسیز اینڈ اطالوی بیرون ملک، اطالوی ایم او ایف اے کے ساتھ ہندوستان میں اطالوی سفیر ونسنزو ڈی لوکا نے کی۔

دونوں سٹریٹجک شراکت دار ممالک کے مابین ہونے والی اس بات چیت نے عوام سے عوام کے درمیان مضبوط تعلقات اور تعاون کو تقویت بخشی جو دونوں ممالک باہمی دلچسپی کے قونصلر امور پر ساجھا کرتے ہیں۔

دونوں فریقوں نے ویزا میں تیز تر کارروائی، طلباء اور پیشہ ور افراد کی نقل و حرکت، محفوظ اور قانونی نقل مکانی، ایم ایم پی اے، کمزور خواتین اور بچوں کے تحفظ اور اپنے متعلقہ شہریوں کے سفر کو ہموار بنانے کی جیسے وسیع مسائل پر باہمی تعاون کو فروغ دینے کے طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیا۔

دونوں فریقوں نے اگلا قونصلر مذاکرات باہمی طور پر مناسب تاریخ پر روم میں منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی
29 فروری 2024